# 22-05-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ وہ آندھرا پردیش میں قائم ہونے والی نئی حکومت کے ساتھ دوستانہ تعلقات چاہتے ہیں تاکہ دونوں ریاستیں اپنے آپسی مسائل خوشگوار انداز میں حل کرسکیں۔

☆ مرکزی وزیر و بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی نے کانگریس پارٹی پر الزام لگایا ہے کہ اس نے ریاست کے کسانوں کو ایک مرتبہ پھر دھوکہ دیا ہے۔

☆ بھارت راشٹرا سمیتی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے کانگریس حکومت پر اپنے حملوں میں شدت پیدا کرتے ہوئے آج سنگاریڈی ضلع کے جوگی پیٹ میں پیش آئے ایک واقعہ کی تصاویر کو منظر عام پر پیش کیا۔

☆ دفتر موسمیات نے ریاست میں کئی مقامات پر آئندہ بہتر گھنٹوں کے دوران ہلکی تا اوسط بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

☆☆☆☆☆

چند نامعلوم شر پسندوں نے میدک ضلع کے نرسا پور ٹاؤن کے مضافات میں ریانی چیرو کے قریب ایک مرد اور ایک عورت کو قتل کرکے ان کی لاشیں نذر آتش کردیں۔ مقامی افراد کو آج صبح جلی ہوئی لاشیں دستیاب ہوئیں اور انہوں نے فوری پولیس کو مطلع کیا۔ پولیس نے لاشوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے ایریا ہاسپٹل نرسا پور منتقل کردیا۔ پولیس نے ایک مقدمہ درج کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا۔ مقتولین اور قاتلوں کا پتہ لگانے کیلئے پولیس مصروف تحقیقات ہے۔

☆☆☆☆☆

غیر محسوب اثاثہ جات جمع کرنے کے الزام میں گرفتار حیدرآباد سی ایس کے اے سی پی اوما مہیشور راؤ کو آج حیدرآباد کی اے سی بی عدالت میں پیش کیا گیا۔ عدالت نے انہیں چودہ دن کیلئے عدالتی تحویل میں بھیج دیا۔ اے سی بی نے کل اوما مہیشور راؤ کو گرفتار کیا تھا۔ اے سی بی کے عہدیداروں نے کل اے سی پی کے مکان اور دیگر مقامات پر چھاپے مارے تھے۔ اے سی بی نے نقد رقم، طلائی زیوارات اور مختلف جائیدادوں سے متعلق دستاویزات ضبط کئے۔ اے سی بی کے جوائنٹ ڈائرکٹر وائی وی ایس سدھیند را نے بتایا کہ اے سی بی نے آمدنی کے وسائل سے زیادہ اثاثہ جات جمع کرنے کا ایک مقدمہ درج کرلیا ہے اور اس کی تحقیقات جاری ہیں۔ چھاپوں کے دوران اے سی بی کے عہدیداروں نے اوما مہیشور راؤ کے مکان سے 38 لاکھ روپئے، ساٹھ تولہ طلائی زیوارات اور پانچ فلیٹس کے بشمول سترہ جائیدادوں کے دستاویز ضبط کئے۔ عہدیداروں نے شاہ میر پیٹ میں اے سی پی کے ایک ویلا کا بھی پتہ لگایا ہے۔ اوما مہیشور راؤ کے رشتہ داروں اور دوستوں کے مکانات پر بھی چھاپے مارے گئے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ اسٹیٹ ایجوکیشن کامن انٹرنس ٹسٹ 2024 کل منعقد ہوگا۔ عہدیداروں نے بتایا کہ 33 ہزار 879 امیدواروں نے اپنے نام درج کرائے ہیں۔ یہ ٹسٹ دو سیشنس میں یعنی صبح دس بجے سے بارہ بجے تک اور دوپہر دو بجے سے شام چار بجے تک منعقد ہوگا۔ امیدواروں سے کہا گیا ہے کہ وہ ٹسٹ کے آغاز سے 90 منٹ قبل امتحانی مراکز کو پہنچ جائیں۔ ہال ٹکٹ ایڈسیٹ کی ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔ ٹی ایس ایڈسیٹ 2024 کی کنوینر پروفیسر مورنالنی تلا نے بتایا کہ ٹسٹ کے انعقاد کیلئے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

دفتر موسمیات نے تلنگانہ کے بعض علاقوں کیلئے پچیس مئی تک یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ ریاست کے کئی علاقوں میں اکا دکا مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بونداباندی کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے اپنے بیان میں بتایا کہ کل کئی اضلاع میں اکا دکا مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ عادل آباد میں کل اعظم ترین درجہ حرارت 42.8 ڈگری درج کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ وہ آندھراپردیش میں قائم ہونے والی نئی حکومت کے ساتھ دوستانہ تعلقات چاہتے ہیں تا کہ دونوں ریاستیں اپنے آپسی مسائل خوشگوارانداز میں حل کرسکیں۔انہوں نے آج ترو ملا کے مندر میں پوجا کے بعد میڈیا کے نمائندوں کو بتایا کہ انہوں نے دونوں تلگو ریاستوں کے درمیان خوشگوار تعلقات اور دونوں ریاستوں کی ترقی کیلئے پراتھنا کی۔ چیف منسٹر نے کہا کہ تلنگانہ کی حکومت ترو ملا میں ایک سترم اور کلیانا منڈپم تعمیر کرنا چاہتی ہے تا کہ تلنگانہ سے آنے والے یاتریوں کو بہتر سہولتیں فراہم کی جاسکیں۔ چیف منسٹر نے اپنے ارکان خاندان کے ہمراہ پوجا کی۔ چیف منسٹر کے ہمراہ ان کی اہلیہ، بیٹی اور پوتا موجود تھے۔انہوں نے مختلف مذہبی رسوم میں شرکت کی۔ چیف منسٹر کی حیثیت سے جائزہ لینے کے بعد ریونت ریڈی نے پہلی مرتبہ ترو ملا مندر کا دورہ کیا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر و بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی نے کانگریس پارٹی پرالزام لگایا ہے کہ اس نے ریاست کے کسانوں کو ایک مرتبہ پھر دھوکہ دیا ہے۔حیدرآباد میں آج بی جے پی کے دفتر پر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کانگریس پارٹی پرتنقید کی۔انہوں نے کہا کہ کانگریس اپنے انتخابی وعدوں کی تکمیل میں نا کام ہوگئی ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس نے اقتدار میں آنے کے بعد سو دن کے اندر دو لاکھ روپئے تک کہ قرضے معاف کرنے کا وعدہ کیا تھا لیکن اپنے اس وعدہ کو پورا نہیں کیا۔مرکزی وزیر نے کہا کہ کانگریس نے رعیتو بھروسہ اسکیم کے تحت کسانوں کو ہر سال پندرہ ہزار روپئے کی مالی امداد کا وعدہ کیا تھا۔اس کے علاوہ دھان کی فصل کیلئے فی کنٹل پانچ سو روپئے بونس دینے کا بھی وعدہ کیا تھا۔تاہم ان وعدوں پرعمل آوری نہیں کی گئی۔کشن ریڈی نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ کانگریس ان وعدوں کی تکمیل کا کوئی ارادہ نہیں رکھتی۔

☆☆☆☆☆

گدوال کی ڈسٹرکٹ اسپیشل آفیسر اور انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن کمشنر شروتی اوجھا نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ غذائی اجناس کی خریدی کے مراکز پر باقی اجناس کی خریدی کے عمل میں تیزی لائیں۔انہوں نے ضلع کلکٹر بی ایم سنتوش کے ہمراہ گدوال منڈل کے دو دیہاتوں میں غذائی اجناس کی خریدی کے مراکز کا دورہ کیا۔انہوں نے آئی کے پی کے زیر اہتمام چلائے جانے والے ان مراکز میں دستیاب سہولتوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے کسانوں کے مسائل کے بارے میں دریافت کیا۔شروتی اوجھا نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ خریدی کے مراکز پر دھان لائے جانے کے فوری بعد اس کا وزن کریں۔

☆☆☆☆☆

بھارت راشٹراسمیتی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے کانگریس حکومت پر اپنے حملوں میں شدت پیدا کرتے ہوئے آج سنگاریڈی ضلع کے جوگی پیٹ میں پیش آئے ایک واقعہ کی تصاویر کو منظر عام پر پیش کیا۔ جوگی پیٹ میں کسانوں نے رعایتی بیجوں کے حصول کیلئے اپنے شناختی دستاویز ایک قطار میں رکھے تھے۔ان کسانوں نے رعایتی بیجوں کے حصول کے لئے کئی گھنٹوں تک طویل قطاروں میں انتظار کیا۔راما راؤ نے کانگریس حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔انہوں نے کہا کہ پچھلے چھ دہوں میں جو تکلیف دہ مناظر دیکھے گئے تھے وہ دوبارہ کانگریس کے چھ مہینوں کے دور میں دکھائی دیئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دس سال سے برقی کٹوتی نہیں ہورہی تھی لیکن اب پھر ایک بار ریاست کو برقی کٹوتی کی صورتحال کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ دس سال کے وقفہ کے بعد کسانوں کی خودکشی کے واقعات دوبارہ پیش آرہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ریاست تلنگانہ کیلئے ٹی ایس کے بجائے ٹی جی کا مخفف استعمال کرنے ریاستی حکومت کی ہدایت کے بعد ٹی ایس آرٹی سی نے اپنا نام ٹی جی ایس آرٹی سی کردیا ہے۔ منیجنگ ڈائرکٹر وی سی سجنار نے آج یہ اعلان کیا۔انہوں نے بتایا کہ سوشیل میڈیا پر ٹی ایس کی جگہ اب ٹی جی استعمال کیا جائے گا۔ چیف سکریٹری شانتی کماری نے دو دن قبل جاری کئے گئے اپنے احکام میں تمام محکموں کو ہدایت دی تھی کہ وہ ٹی ایس کے بجائے ٹی جی کا استعمال کریں۔سرکاری شعبہ کے اداروں، ایجنسیوں اور خودمختار اداروں سے کہا گیا کہ وہ اس تبدیلی کو یقینی بنائیں۔

☆☆☆☆☆

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے آندھراپردیش میں ایک پولنگ بوتھ پر وائی ایس آر سی پی کے ایم ایل اے ٹی راما کرشنا ریڈی کے ہاتھوں الیکٹرانک ووٹنگ مشین کی کی تباہی کے واقعہ کا سخت نوٹ لیا ہے۔ ماچرلہ کے ایم ایل اے نے ایک پولنگ بوتھ میں گھس کر ای وی ایم کو زمین پر پٹک دیا تھا۔ الیکشن کمیشن نے آندھراپردیش پولیس کو ہدایت دی کہ وہ رکن اسمبلی کے خلاف مقدمہ درج کرے اور انہیں فوری گرفتار کرے۔ چیف الیکشن کمشنر نے آندھراپردیش کے چیف الکٹورل آفیسر کو آج شام تک ایک رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی ہے۔ ایم ایل اے کو گرفتار کرنے کیلئے پولیس کی خصوصی ٹیمیں حیدرآباد روانہ کی گئی ہے۔ سی ای او ایم کے مانے بتایا کہ پولنگ کے دن نو مقامات پر الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کو نقصان پہنچایا گیا۔ ان میں سے سات واقعات ماچرلہ میں پیش آئے۔ انہوں نے کہا کہ ایم ایل اے کے خلاف دس دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان واقعات میں جو بھی ملوث پایا گیا اس کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ اس دوران مفرور ایم ایل اے کو گرفتار کرنے کے لئے تلنگانہ کی پولیس آندھراپردیش پولیس کے ساتھ تعاون کر رہی ہے۔ سنگاریڈی میں کانڈی کے قریب پولیس نے ایم ایل اے اور ان کے حامیوں کی گاڑیوں کو ضبط کرلیا۔

☆☆☆☆☆

بھدرادری کتہ گوڑم کے ایس پی روہت راجو نے تلنگانہ اور چھتیس گڑھ کی سرحد پر ماؤنوازوں کے زیر اثر علاقوں کے تاجرین اور کنٹراکٹرس کے ساتھ آج اپنے دفتر میں ایک اجلاس منعقد کیا۔ انہوں نے ماؤنوازوں کی وجہ سے تاجروں کو درپیش مسائل کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے کنٹراکٹرس کو مشورہ دیا کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ قبائیلی عوام کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔ انہوں نے کنٹراکٹرس سے کہا کہ وہ ممنوعہ سی پی آئی ماوسٹ کے بارے میں کوئی بھی اطلاع فوری پولیس کو فراہم کریں۔

☆☆☆☆☆